بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

اعتراضات Representation بابت جدید حلقہ بندی

(De-limitation) حلقہ PP-218 ملتان

جناب عالی! سائلان حسب ذیل عرض پرداز ہیں۔

1۔ یہ کہ من سائلان سابقہ حلقہ PP-201 موجودہ تجویز کردہ حلقہ PP-218 کے رہائشی وسکونتی ہیں اور عرصہ دراز سے رہائش پذیر ہیں اور اپنا کاروبار کررہے ہیں۔ من سائلان کے پٹوار سرکل کو تجویز کردہ حلقہ PP-218، PP-219 اور PP-211 میں شامل کردیا گیا ہے۔ جس سے ایک سرے سے دوسرے سرے کا فیصلہ تقریباً 25/30 کلومیٹر سے زائد بنتا ہے۔ اس طرح من سائلان کے پولنگ اسٹیشن بھی گھر سے دور ہوجائیں گے اور من سائلان کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

2۔ یہ کہ من سائلان جغرافیائی اور ثقافتی طور پر اپنے عزیز رشتہ داروں سے الگ ہوجائیں گے۔

3۔ یہ کہ من سائلان کا موجودہ تجویز کردہ حلقہ PP-218 سے خلاف قانون Cmpact Block کو توڑتے ہوئے حلقہ تجویز کیا گیا ہے جو کہ کسی طور پر بھی قابل عمل نہ ہے۔

4۔ یہ کہ (i) پٹوار سرکل شیر سنگھ (ii) پٹوار سرکل میانی راوہ (iii) پٹوار سرکل ڈمرا شامل کئے گئے ہیں۔ جن کی کل آبادی 45017 ہے۔ جو کہ خلاف قانون طور پر من سائلان کے تجویز کردہ حلقہ PP-218 میں شامل کردیئے گئے ہیں۔ یہ کبھی بھی موجود PP-218 کا حصہ نہ رہے ہیں اور جغرافیائی اور ثقافتی طور پر بھی من سائلان کے حلقہ سے کوئی تعلق واسطہ نہ رہا ہے۔ جو کہ اگر ان پٹوار سرکل شیر سنگھ اور پٹوار سرکل میانی رواہ کو PP-219 میں شامل کردیا جائے اور اسی طرح پٹوار سرکل

نائی اور پٹوار سرکل ڈمرا کو PP-211 میں شامل کر دیا جائے گا تو یہ Compact Block بنتا ہے۔

5۔ یہ کہ پٹوار سرکل گھڑیالہ (ii) پٹوار سرکل چھٹہ (iii) پٹوار سرکل MR / 2 (vii) پٹوار سرکل MR/4 جو کہ موجودہ PP-219 میں شامل کر دیئے ہیں خلاف قانون ہیں اور De-limitation کے طے کردہ قوانین کے خلاف ہیں۔ جن کی کل آبادی 37090 بنتی ہے

6۔ یہ کہ مذکورہ پٹوار سرکل اگر موجودہ PP-218 میں PP-219 سے نکال کر شامل کر دیئے جائیں تو یہ Compact block بنتا ہے۔

7۔ یہ کہ اسی طرح پٹوار سرکل مدینہ جس کی آبادی 15415 ہے کو موجودہ PP-218 میں شامل کر دیا جائے تو تینوں متذکرہ صوبائی حلقہ جات کی آبادی بمطابق قانون برابر ہو جائے گی۔

8۔ یہ کہ اسی طرح پٹوار سرکل نائی والا، پٹوار سرکل ڈمرا جن کی آبادی 17794 ہے اور یہ موجودہ PP-218 کے ساتھ غیر فطری طور پر شامل کر دیئے گئے ہیں کو PP-218 سے نکال کر PP-211 میں شامل کر دیا جائے تو یہ Compact block بنتا ہے اور اس سے کسی بھی Administrative boundary میں کوئی فرق نہ پڑے گا اور بمطابق قانون الیکشن ایکٹ 2017ء کے سیکشن 20 کے De-limintation کے قوانین کی بھی مکمل پاسداری ہو جائے گی۔

9۔ یہ کہ موجودہ تجویز کے بعد تینوں صوبائی حلقہ جات کی بمطابق قانون آبادی بھی متاثر نہ ہوگی اور جغرافیائی طور پر بھی Compact block بن جائے گا اور من سائل کے عزیز اور رشتہ دار بھی جو اکٹھے رہ رہے ہیں بھی متاثر نہ ہونگے۔ تینوں صوبائی حلقہ جات کی آبادی درج ذیل ہے۔

i۔ PP-211 3,73,587 تجویز کردہ از اں الیکشن کمشن

بعد از منظور فرمائے جانے اعتراض آبادی حلقہ PP-211 3,76,066

ii۔ PP-218 3,62,611 تجویز کردہ از اں الیکشن کمشن

بعد از منظور فرمائے جانے اعتراض آبادی حلقہ PP-218 3,70,099

iii۔ PP-219 3,61,091 تجویز کردہ از اں الیکشن کمشن

بعد از منظور فرمائے جانے اعتراض آبادی حلقہ PP-219 3,79,941

10۔ یہ کہ من سائلان کے اعتراجات کو منظور فرمائے جانے کی صورت میں تینوں صوبائی حلقہ جات متذکرہ

بالا کی آبادی بھی بمطابق قانون حد کے اندر رہے گی اور جغرافیائی طور پر بھی Compact block بنا رہے گا۔

اندریں حالات بالا استدعا ہے کہ اعتراضات /Representation سائلان منظور فرماتے ہوئے سائلان کے حلقہ PP-218 کو بمطابق قانون Compact block میں بنائے جانے کا نوٹیفکیشن جاری فرمایا جاوے۔ جس کی تفصیل اوپر درج ہے۔

30/03/2018

عرضے

1۔ محمد رمضان ولد چوہدری سلطان سکنہ چاہ پیرے والا ملتان۔ پٹوار سرکل مدینہ — محمد رمضان بقلم خود

2۔ فدا حسین ولد ملک امیر بخش سکنہ چاہ شاہے والا ڈمر ملتان۔ پٹوار سرکل ڈمرہ — فدا حسین بقلم خود

3۔ ارشاد حسین ولد مہر الٰہی بخش سکنہ چاہ منشی والا ملتان۔ پٹوار سرکل چنٹھہ

4۔ ہاشم حسین ولد حق نواز سکنہ کھوہ منشی والا چک نمبر MR-1 ملتان۔ پٹوار سرکل چنٹھہ — ہاشم حسین

5۔ محمد اقبال ولد حسن محمد سکنہ چک نمبر 4/MR ملتان۔ پٹوار سرکل 4-MR — M. Iqbal

6۔ محمد رمضان بلوچ ولد فیض بخش سکنہ بستی جھوک بلوچ نائی والا ملتان۔ پٹواری سرکل نائی والا — M. Razan

7۔ جمشید اقبال ولد محمد اقبال سکنہ گھڑیالہ ڈاکخانہ مخدوم رشید ملتان۔ پٹوار سرکل گھڑیالہ — جمشید اقبال

بذریعہ کونسل:۔

مظفر اقبال انصاری
ایڈووکیٹ ہائیکورٹ
سیٹ نمبر 48۔ عزیز بلاک ضلع کچہری ملتان

راؤ نوید سعید
ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

0300-9632243